20728- نیل پالش لگا کر نماز ادا کرنا

سوال

کیا اسلام میں نیل پالش لگا کر نماز ادا کرنا جائز ہے ؟

پسندیدہ جواب

عورت بطورزینت اپنے ناخن کسی ایسی چیز کے ساتھ رنگ سکتی ہے جو مضر نہ ہو، اوراس کے ساتھ نماز بھی ادا کی جاسکتی ہے، لیکن اگر نیل پالش وغیرہ نیچے پانی نہ پہنچنے دے تو پھر اسے لگا کر وضوء اور غسل کرنا صحیح نہیں، اس لیے اسے اتارے بغیر وضوء اور غسل نہیں ہوسکتا، اوراگر وضوء صحیح نہ ہوا تو نماز بھی صحیح نہیں ہوگی.

مستقل فتوی کمیٹی کے فتاوی جات میں ہے :

(اگر نیل پالش ناخنوں پر کچھ تہہ وغیرہ چھوڑے تو اسے اتارے بغیر وضوء نہیں ہوتا، اوراگر کوئی تہ ہو مثلا مہندی لگانا تو پھر وضوء صحیح ہوگا) اھ

دیکھیں : فتاوی اللجنۃ الدائمۃ للبحوث العلمیۃ والافتاء (218/5).

واللہ اعلم.